Pakistan Christian National Party

31-Katcha Ferozpur Road, Mozang Chungi, Lahore (Pakistan) Tel Fax:042-3591571, 37581720

﴾ پریس ریلیز ﴿

لاہور {21 / اگست 2014ء} پاکستان کرسچن نیشنل پارٹی (پی سی این پی) اور انسانی حقوق کے ادارہ ''کلاس'' کے زیر اہتمام پارٹی کے چیئرمین جوزف فرانسس، سنیئر وائس چیئرمین مارٹن جاوید مائیکل، ترجمان سیموئیل پیارا، انسانی حقوق کے ادارہ ''کلاس'' کی پروگرام آفیسر کیتھرین سپنا، پی سی این پی کے مرکزی رہنما ضیا کھوکھر، مرکزی رہنما اقبال کھوکھر، صوبائی رہنما وکٹر بابر، اسلم کامی بھٹہ، ذوالفقار پرویز سندھو کی قیادت میں مسیحیوں کی اکثریتی آبادی والے عراق کے شہر ''موصل ڈیم'' میں درندہ صفت تکفیری جنگجو اور دہشت گرد تنظیم ''داعش'' کی 2000ء سے قائم گرجا گھروں کو شہید کرنے، زمانہ قدیم سے نسل در نسل آباد محبِّ وطن بے گناہ نہتے اور معصوم مسیحیوں پر انسانیت کو شرما دینے والے مظالم اور وحشیانہ درندگی کرتے ہوئے قتل و غارت گری کا بازار گرم کر کے اپنی حراست میں لے کر جبراً تبدیلی مذہب پر مجبور کرنے اور انکار کرنے پر بے شمار مردوں کو سولی پر لٹکا کر سر قلم کرنے اور بچوں کو نیزوں پر چڑھانے، عورتوں اور نوجوان بیٹیوں کو والدین کے سامنے برہنہ کر کے زبردستی زنا کر کے ان کو ذبح کرنے اور مسیحیوں کو گھر بار چھوڑ کر ہجرت کرنے پر مجبور کرنے کے خلاف لاہور پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان کرسچن نیشنل پارٹی کے چیئرمین اور انسانی حقوق کے ادارہ ''کلاس'' کے نیشنل ڈائریکٹر جوزف فرانسس نے کہا کہ عراق میں بے گناہ، نہتے اور معصوم مسیحیوں پر درندہ صفت جنگجو اور دہشتگرد تنظیم ''داعش'' نے ظلم و بربریت کر کے انسانیت کی تذلیل کی انتہا کر دی ہے اور ایسے مظالم سے معاشرے ختم نہیں ہوتے بلکہ ظالم تاریخ میں نفرت اور حقارت کا نشان بن جاتے ہیں ہم اِن دہشتگردوں کی ظالمانہ اور وحشیانہ درندگی کی پُرزور مذمت کرتے ہوئے اقوام متحدہ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے سینئر وائس چیرمین مارٹن جاوید مائیکل نے کہا عراق میں مذہب کی بنیاد پر بے گناہ مسیحیوں پر ناحق وحشیانہ درندگی کرتے ہوئے قتل و غارت کا بازار گرم کر کے مہذب دُنیا میں قابلِ نفرت مثال قائم کی ہے۔ عالمی قوتیں فوری طور پر انسانیت کے دشمن درندہ صفت حیوانوں کا خاتمہ کرے۔ آج دُنیا کو امن، بھائی چارے، برداشت اور رواداری کی اشد ضرورت ہے۔ اِس کے لیے کسی کی جان لینے کی نہیں بلکہ اپنی جان کا نذرانہ دینا پڑتا ہے۔ مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی رہنما اقبال کھوکھر نے کہا کہ آج مہذب دُنیا میں ظلم و ستم اور قاتل و غارت گری قابل نفرت ہے اِس لیے معاشرے میں تمام طبقات کو ہر قسم کے امتیاز سے بالاتر ہو کر باہمی بھائی چارے کے فروغ کے لیے جدوجہد کرنی چاہیے۔ مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے انسانی حقوق کے ادارہ ''کلاس'' کی پروگرام آفیسر کیتھرین سپنا نے کہا کہ عورتوں اور نوجوان بیٹیوں پر ہاتھ اٹھانے کا کسی بھی معاشرے میں تصور نہیں کیا جا سکتا لیکن اِن دہشتگرد حیوانوں نے عورتوں، نوجوان بیٹیوں اور بچوں کو برہنہ کر کے انہیں بے آبرو کرتے ہوئے ذبح کر کے ظلم کی انتہا کر دی ہے جس معاشرے میں عورتوں کی عزت نہ کی جائے وہ صفحہ ہستی سے مٹ جاتا ہے۔ مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی رہنما ضیا کھوکھر نے کہا پوری دنیا مذہبی تعصب کی بھینٹ چڑھ رہی ہے۔ بڑی قومیں چھوٹی قوموں کو طاقت کو زور پر یرغمال بنانے کی کوشش میں ہر قسم کی ظالمانہ اور وحشیانہ درندگی کرتی ہیں جو قابلِ مذمت ہے۔ مظاہرین نے عراق کے مسیحیوں سے اظہارِ یکجہتی کے لیے بلا امتیاز مذہب و ملت، رنگ و نسل، فرقہ و گروہ انسانیت کے بول بالا کی اشد ضرورت پر زور دیا۔

احتجاجی مظاہرے میں مسیحی رہنماوں ڈاکٹر پرویز اقبال، چوہدری جیمز قمر، سہیل ہابل، پادری لڈون جوزف، جاوید فرانسس، ایشے مائیکل، افراہیم بھٹی، راجہ پرویز بوٹا، صادق گل، بنیامین صادق، ظفر شاہین گل، جارج دولت، رزاق بھٹی نے شرکت کی اور خطاب بھی کیا۔

پاکستان کرسچن نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام دکھ اور کرب کی اِس گھڑی میں مظلوم عراقی مسیحیوں کے لیے 24 / اِگست 2014ء بروز اتوار تمام گرجا گھروں میں خصوصی دعائیں کی جائیں گی ☆☆☆

جاری کردہ